**Shabbir / Fazil**

**21-09-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے گجرات کا تین روزہ دورہ کریں گی۔ وہ کل ایکتا نگر میں قومی فلم ایوارڈز عطا کیے جانے کی تقریب کی صدارت کریں گی۔

2- وزیر خارجہ ایس جے شنکر، نیو یارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔

3- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا، ایران جنگ پر فیصلہ کُن رجحان۔ انہوں نے کہا کہ جلد ہی بہت بڑے واقعات ہونے والے ہیں۔

4- امریکہ نے، حوثی حملوں کے دوران، سعودی عرب میں اپنے شہریوں اور عملے کے لوگوں کیلئے حفاظت سے متعلق الرٹ جاری کیا ہے۔

5- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے چھتیس گڑھ ساحلی آندھرا پردیش، تلنگانہ، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرناٹک اور مدھیہ پردیش میں آج موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور ثمرقند میں شطرنج اولمپیاڈ میں بھارتی مردوں نے ہالینڈ پر تین-ایک سے زبردست جیت حاصل کی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev.Prez. Gujrat

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے گجرات کے تین روزہ دورے کا آغاز کر رہی ہیں۔ وہ کل ایکتا نگر میں 72 ویں قومی فلم ایوارڈز کی تقریب کی صدارت کریں گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C - News Desk

صدر جمہوریہ، سال 2024 کے بھارتی سنیما میں حصولیابیوں کو تسلیم کرتے ہوئے کل قومی فلم ایوارڈز عطا کریں گی۔ اِن ایوارڈز کا سلسلہ 1954 میں شروع کیا گیا تھا، جو سنیما میں مہارت پر ملک کے اعلیٰ ترین اعزازات میں شمار

ہوتے ہیں۔ یہ ایوارڈز ہر سال اطلاعات و نشریات کی وزارت کی طرف سے فیچر فلم اور نان فیچر فلم پر دیے جاتے ہیں۔ اِن زمروں میں سنیما کے بارے میں لکھنے کا ایوارڈ بھی شامل ہے۔ اِن ایوارڈز کے تحت سنیما میں تخلیقی اور تکنیکی حصولیابیوں کا اعتراف کیا جاتا ہے۔ اِن 72 ویں ایوارڈز حاصل کرنے والوں کے ناموں کا اعلان تین جیوریز کے صدر نشینوں نے 18 جولائی 2026 کو کیا تھا۔ اِن کے ساتھ ساتھ دادا صاحب پھالکے ایوارڈ بھی عطا کیا جاتا ہے، جو بھارتی سنیما کا اعلیٰ ترین اعزاز ہے۔

نیوز ڈیسک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

Jaishankar UNGA

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، امریکہ کے شہر نیو یارک میں، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں اعلیٰ سطح کے ہفتے کیلئے بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔

ڈاکٹر جے شنکر اِس مہینے کی 26 تاریخ کو اِس اجلاس سے خطاب کریں گے۔ وہ اپنے دورے میں، مختلف کثیر ملکی اور دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔

ڈاکٹر جے شنکر، نیو یارک کا دورہ ایسے وقت کر رہے ہیں، جب عالمی رہنما 22 سے 28 ستمبر تک منعقد ہونے والے اعلیٰ سطح کے سالانہ جنرل بحث مباحثے کیلئے، اقوام متحدہ کے صدر دفتر میں یکجا ہونے کی تیاری کر رہے ہیں۔

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا یہ 81 واں اجلاس ''اعتماد کی بحالی یکسر تبدیلی کا بندوبست: ایک اقوام متحدہ، جو سب کو خدمات فراہم کرتی ہے'' کے موضوع پر منعقد کیا جا رہا ہے۔

اِس جنرل اسمبلی میں اقوام متحدہ کے سبھی 193 رُکن ممالک کے صدور، وزراء اعظم اور سینئر نمائندگان یکجا ہوں گے اور بڑے بین الاقوامی معاملات پر اپنی ترجیحات اور موقف طے کریں گے۔

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس نے عالمی رہنماؤں سے کہا ہے کہ وہ بین الاقوامی تعاون کو مضبوط کریں، جیسا کہ وہ جنرل اسمبلی کیلئے نیو یارک میں یکجا ہو رہے ہیں۔

اقوام متحدہ کے مطابق 81 ویں اجلاس میں عالمی تعاون میں نئی جان پیدا کرنے لگاتار ترقی کے مقاصد کو آگے بڑھانے اور امن، وقار اور برابری کیلئے اجتماعی اقدام کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔×

Seva Sankalp Abhiyan PM Kisan

وزیر اعظم نریندر مودی کے اپنے عہدے کی خدمات انجام دیتے ہوئے 25 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ اُن کا سفر ''جَن سیوا سے دیش سیوا'' کے اصول اور عوامی خدمت کے تیئں اُن کے لگاتار عزم پر مبنی ہے۔ حکومت جو خدمات اور اچھی حکمرانی کے تصور سے متحرک ہے، 2047 تک ایک ترقی یافتہ بھارت کے مقصد کے تیئں کام کر رہی ہے۔

سب کی شمولیت والی ترقی اور سماجی اختیارات کے ذریعے اس عزم سے لوگوں کی زندگیوں میں یکسر تبدیلی آ رہی ہے۔
اِس ضمن میں ہم پی-ایم کسان کے بارے میں ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

Capsul Vipin Mishra

مدھیہ پردیش میں کسانوں کو بڑی تعداد میں پی-ایم کسان اسکیم سے فائدہ پہنچ رہا ہے۔ اہل کسان، ہر سال تین برابر کی قسطوں میں 6 ہزار روپے کی مالی مدد حاصل کر رہے ہیں۔ یہ رقم انہیں براہِ راست بینک کھاتوں میں مل رہی ہے۔ یہ مدد کسانوں کیلئے کافی فائدہ مند ہے کہ وہ کیمیاوی کھادوں، بیجوں اور دیگر زرعی کاموں کو پورا کر سکیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ حکومت، کسانوں کی ضرورتوں کے پیشِ نظر لگاتار کام کر رہی ہے۔

S/B - Prime Minister Narendra Modi

اِس اسکیم کا آغاز 2019 میں کیا گیا تھا اور ابھی تک 4 لاکھ 47 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم، 24 قسطوں میں، کسانوں کو جا چکی ہے۔

23 ویں قسط سے 9 کروڑ 49 لاکھ کسانوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ مرکزی حکومت نے اب پی-ایم کسان اسکیم کو 2026-27 سے 2030 تک جاری رکھنے کی منظوری دی ہے۔ اِس اسکیم کیلئے 3 لاکھ 15 ہزار کروڑ روپے کی مالی مدد مختص کی گئی ہے۔

چھِندواڑہ کے ایک کسان بَسنت پٹیل نے بتایا کہ کسان مزید 5 سال کیلئے اِس اسکیم کو جاری رکھنے کے فیصلے سے کافی خوش ہیں۔

S/B - Farmer

خاتون کسانوں کو بھی اِس اسکیم سے فائدہ پہنچ رہا ہے۔ ابھی تک ایک لاکھ 6 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم، خاتون کسانوں کو دی جا چکی ہے۔

اس اسکیم میں ڈیجیٹل تصدیق، آدھار تصدیق اور براہِ راست فائدہ منتقلی کا استعمال کیا جا رہا ہے، تاکہ رقم کو براہِ راست کسانوں تک پہنچایا جا سکے۔

بھوپال سے وِپن مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Special Story Ram Temple

صدیوں کے انتظار کے بعد عظیم الشان رام مندر کی تعمیر سے، ایودھیا کے ایک نئے باب کا آغاز ہوا، جو بھگوان رام کا شہر ہے اور جس کی وجہ سے مذہبی سیاحت اور ترقی کے عالمی نقشے میں یہ شہر، امتیازی حیثیت کا حامل ہو گیا ہے۔

مرکزی اور ریاستی سرکاروں کی کوششوں سے، ایودھیا میں ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا اور یہ شہر، سناتن دھرم کا ایک بڑا مرکز بن کر اُبھرا۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Sushil

Recorded

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Trump Iran

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران جنگ کے سلسلے میں فیصلہ کُن مرحلے میں ہیں۔ انھوں نے خبردار کیا کہ بڑے واقعات پیش آنے والے ہیں۔ ان کا یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب ایران نے کہا کہ اس نے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے امریکہ کے سامنے اپنی شرائط ثالثی کرنے والوں کے ذریعے پیش کر دی ہیں۔ صدر ٹرمپ کا یہ بیان ایران کے صدر مسعود پیزشکیان کے نیویارک کے متوقع دورے سے قبل سامنے آئے ہیں، جہاں وہ اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کریں گے۔ امکان ہے کہ ان کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطح کا وفد بھی ہوگا۔ ٹرمپ نے ایک ٹی وی چینل سے گفتگو میں کہا کہ اگر ایران کی حکومت اپنے رویے میں تبدیلی نہیں لاتی ہے تو مستقبل قریب میں بہت بڑے واقعات رونما ہونے والے ہیں۔

ایران نے مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کیلئے قطر کے ذریعے امریکہ کو اپنی شرائط سے آگاہ کر دیا ہے۔x

US Saudi Arabia Alert

امریکہ نے سعودی عرب میں اپنے سفارتی مشن کیلئے سکیورٹی الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے تحت سعودی عرب میں تعینات امریکی سرکاری ملازمین کو طائف اور Yanbu شہروں کے تمام سرکاری اور ذاتی سفر کیلئے خصوصی اجازت حاصل کرنا ہوگی۔ سعودی عرب میں امریکی مشن نے بتایا کہ یہ پابندیاں سکیورٹی کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر عائد کی گئی ہیں۔ مشن نے سعودی عرب میں موجود امریکی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ محتاط رہیں اور تجویز کردہ حفاظتی اقدامات پر پوری طرح عمل کریں۔ یہ الرٹ یمن کے حوثی گروپ کی جانب سے سعودی عرب پر کیے گئے حملوں کے بعد جاری کیا گیا ہے، جن میں ریاض کی جانب داغا گیا ایک بیلسٹک میزائل بھی شامل ہے۔ حوثیوں نے Bish، طائف، Farasan اور Yanbu میں شہری آبادی اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی بھی کوشش کی۔

تازہ کشیدگی کے بعد پورے سعودی عرب میں سیکیورٹی اقدامات مزید سخت کر دیے گئے ہیں۔ سعودی حکام نے فضائی حملے کے ممکنہ خطرے کے تناظر میں ہنگامی انتباہ بھی جاری کیا ہے۔x

US Ukraine Talks

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کل نیویارک میں یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی سے ملاقات کریں گے تاکہ روس اور یوکرین کے درمیان کشیدگی میں کمی لانے کی کوششوں کو آگے بڑھایا جا سکے۔ توقع ہے کہ دونوں رہنما مخاصمت کو کم کرنے اور مذاکرات کو دوبارہ شروع کرنے کے اقدامات پر بات چیت کریں گے۔ یہ ملاقات نیویارک میں اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ہو رہی ہے۔ یوکرین کے اعلیٰ مذاکرات کار رستم عمروف، جو یوکرین کی فارن انٹیلی جنس سروس کے سربراہ بھی ہیں، نے مذاکرات کا انتظام کرنے کے لیے وائٹ ہاؤس کے نمائندوں کے ساتھ کام کیا ہے۔ یہ طے شدہ ملاقات ٹرمپ اور زیلنسکی کے درمیان فون پر ہوئی، ایک گفتگو کے بعد ہو رہی ہے، جس میں دونوں رہنماؤں نے نیویارک میں ملاقات کرنے پر اتفاق کیا تھا۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے چھتیس گڑھ، ساحلی آندھرا پردیش، تلنگانہ، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرناٹک اور مدھیہ مہاراشٹر میں موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے بتایا کہ راجستھان کے مزید کچھ علاقوں اور پنجاب، سوراشٹر، کچھ کے کچھ علاقوں سے اگلے دو دن میں جنوب مغربی مانسون کے، اختتام کی طرف بڑھنے کے حالات ہیں۔

محکمے نے جھارکھنڈ، اُڈیشہ، رائل سیما، کونکن، گوا، مدھیہ پردیش، لکشدیپ اور انڈمان و نکوبار جزائر میں آج بجلی چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کے ساتھ ساتھ گرج چمک کے ساتھ چھینٹا پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔

اسی طرح کے موسمی حالات مشرقی راجستھان، گجرات، کیرالہ، ماہے، مغربی بنگال اور شمال مشرقی بھارت کے کچھ علاقوں میں کل تک اسی طرح کے موسم کا امکان ظاہر کیا ہے۔x

Rev. Chess Olympiad

ازبیکستان کے سمرقند میں 46 ویں شطرنج اولمپیاڈ کے پانچویں مرحلے میں بھارت کے مردوں کی شطرنج ٹیم نے ہالینڈ کے خلاف تین-ایک سے شاندار کامیابی حاصل کی ہے، جبکہ بھارتی خواتین ٹیم کو پولینڈ کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ بھارت کے مردوں کی ٹیم نے مسلسل پانچ میچ جیت کر اپنی کامیابی کا سلسلہ برقرار رکھا اور وہ اُزبیکستان اور جرمنی کے ساتھ لیڈر بورڈس پر مشترکہ طور پر سرفہرست ہے۔

آر-پرگناناندھا نے چند ڈراز کے بعد شاندار واپسی کرتے ہوئے Anish Giri کو شکست دی۔ Arjun Erigaisi نے سخت مقابلے کے بعد، جارڈن وان فاریسٹ کے خلاف میچ ڈرا کیا۔ نہال Sarin نے تجربہ کار Loek Van Wely کے خلاف آسانی سے ڈرا حاصل کیا، جبکہ ڈی گوکیش نے اپنی بہترین فارم برقرار رکھتے ہوئے Erwin I'Ami کو شکست دی اور پانچ کھیلوں میں اپنی چوتھی انفرادی فتح حاصل کی۔

دوسری جانب، بھارتی خواتین ٹیم کو ٹورنامنٹ میں پہلی بڑی رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑا۔ آر ویشالی کی شکست مہنگی ثابت ہوئی، کیونکہ ٹیم کی باقی کھلاڑی اس کمی کو پورا نہ کرسکیں، جس کے نتیجے میں ٹیم کو 1.5-2.5 سے معمولی شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اِس ہار کے بعد خواتین کی ٹیم آٹھویں نمبر پر آ گئی ہے، تاہم واپسی کے لیے ابھی چھ راؤنڈ باقی ہیں۔x

## Asian Games

ایشیائی کھیلوں میں جاپان کے Nagoya میں بھارت نے مردوں کے دس میٹر ایئر رائفل ٹیم مقابلے میں چاندی کا تیسرا تمغہ حاصل کر لیا ہے۔ بھارتی نشانے باز Rudrankksh پاٹل اور ہمانشو Dhillion نے انفرادی مقابلے کے فائنل کیلئے کوالیفائی کیا ہے۔

اِس سے پہلے Elavenil Valarivan، وِدارسا وِنود اور سونم ماسکر پر مشتمل تین رکنی ٹیم نے خواتین کے 10 میٹر ایئر رائفل ٹیم مقابلے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ اِس کے علاوہ Elavenil Valarivan نے خواتین کے 10 میٹر ایئر رائفل انفرادی مقابلے میں بھی چاندی کا تمغہ جیتا۔ وہ جاپان کی Hinata Taichi کے بعد دوسرے نمبر پر رہیں۔

Suchika Tariyal نے نئے شامل کیے گئے کھیل مکسڈ مارشل آرٹس میں بھارت کیلئے تیسرا تمغہ یقینی بنا دیا ہے۔ وہ خواتین کے روایتی مکسڈ مارشل آرٹس کے 60 کلوگرام زمرے کے مقابلے کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں، جس کی وجہ سے سیمی فائنل کے نتیجے سے قطع نظر اُن کا کم سے کم کانسے کا تمغہ جیتنا یقینی ہو گیا ہے۔ آج سیمی فائنل میں ان کا مقابلہ سنگاپور کی Teo Hui Hoon سے ہوگا۔

کرکٹ میں بھارتی خواتین ٹیم، بنگلہ دیش کو 114 رن سے ہراکر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ فائنل میں بھارت کا مقابلہ کل سری لنکا سے ہوگا۔x

## Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''EPFO اُجرت میں اضافے کی حد: کارکنوں کیلئے گزر بسر میں توسیع'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، مرکزی پروویڈینٹ فنڈ کمشنر رمیش کرشن مورتی کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات   اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔
صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر
اور
صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،
اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات
نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار
پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

Punjab Nasha Mukt

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان آج بھٹنڈہ کے Talwandi Sabo سے چوتھے مرحلے کی نشہ مُکت پنجاب یاترا کو روانہ کریں گے۔ اُن کے ہمراہ ہریانہ کے وزیرِ اعلیٰ نایاب سنگھ سینی بھی ہوں گے۔ یہ یاترا پنجاب کو اِس وقت درپیش تین بڑے چیلنجوں پر توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ یہ چیلنجز ہیں: منشیات کی بڑھتی ہوئی لعنت، امن و امان کی بگڑتی صورتحال اور حکمرانی کی ہر سطح پر بدعنوانی۔
مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے کل فاضلکا سے تیسرے مرحلے کی نشہ مُکت پنجاب یاترا کو روانہ کیا۔ اِس موقعے پر ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، انھوں نے کہا کہ یہ کوئی سیاسی مہم نہیں، بلکہ ریاست پنجاب کو مکمل طور پر منشیات سے پاک بنانے کیلئے ایک سماجی اصلاح کی کوشش ہے۔ انھوں نے کہا کہ اسے سیاسی نقطۂ نظر سے ہرگز نہیں دیکھا جانا چاہیے۔x

S/B : Arjun Ram Meghwal

Disha Workshop

قانون و انصاف کی مرکزی وزارت Disha یعنی انصاف تک مکمل رسائی کیلئے اختراعی طریقۂ کار وضع کرنے کی اسکیم کے دوسرے مرحلے کے تحت آج ایک ورکشاپ کا انعقاد کرے گی۔ یہ ورکشاپ جنوبی گوا میں، قانونی تعلیم و تحقیق کی، بھارت-بین الاقوامی یونیورسٹی کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوگی۔

V/C - Mahesh

اِس ورکشاپ میں ٹکنالوجی پر مبنی قانونی خدمات، قانونی بیداری اور قانونی مدد کے ذریعے انصاف کی فراہمی کو مستحکم بنانے پر توجہ دی جائے گی۔ اِس موقعے پر ''نیائے پربودھ: قانون کے تئیں بیداری-اپنے حقوق 90 سیکنڈس میں جانیے'' مہم کے تحت تیار کی گئی بہترین Reels کی نمائش کی جائے گی۔ پروگرام میں نیائے پربودھ کے تحت نعروں کے ایک مقابلے کا بھی آغاز کیا جائے گا۔ ایک اور جلسے میں نیائے بندھو مُفت قانونی پروگرام پر بھی توجہ مرکوز کی جائے گی۔

قانون کا محکمہ، Tele-Law، نیائے بندھو قانونی خواندگی اور قانونی بیداری پروگرام نیز وِدھی-سنجیونی جیسے اقدام کے ذریعے دوردراز والے پسماندہ علاقوں میں قانونی خدمات کو مزید قابلِ رسائی، قابلِ فہم اور شہریوں کیلئے کم خرچ بنانے کے مقصد سے کام کر رہا ہے۔

پناجی سے مہیش چوپاڑے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فیصل خان

شکریہ - محمد عمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو اپنے صفحۂ اوّل پر جگہ دی ہے:

روزنامہ پرتاپ نے سرخی لگائی ہے: اقوام متحدہ جنرل اجلاس میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر بھارت کی نمائندگی کریں گے اور عالمی امن، اقتصادی امور، نیوکلیائی ہتھیار جیسے اہم مسائل پر ملک کا موقف رکھیں گے۔

روزنامہ انقلاب نے اپنے عالمی صفحے پر ایران-امریکہ جنگ سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: جنگ ختم کرنے کا فیصلہ اب امریکہ کی صواب دید پر ہے: ایران کا بیان۔

اور اسی اخبار نے مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی بڑھنے کے خدشے سے متعلق خبر کو شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: امریکہ نے اپنے شہریوں کیلئے سیکیورٹی الرٹ جاری کیا۔

ڈونالڈ ٹرمپ کیمپ ڈیوڈ کا دورہ مختصر کر کے وہائٹ ہاؤس واپس ہوئے۔

آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے ایشین گیمز سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے: ایشیائی کھیلوں میں بھارت کی شاندار شروعات، نشانے بازی میں دو چاندی کے تمغے جیتے۔

اخبارات کی کچھ عالمی اہم خبریں اس طرح ہیں:

- ☆ ماسکو پر یوکرین کا اب تک کا سب سے با ڈرون حملہ، دو افراد ہلاک
- ☆ عالمی دباؤ کے باوجود شمالی کوریا کا جوہری پروگرام سے پیچھے ہٹنے سے صاف انکار۔
- ☆ ٹرمپ نے امریکی AI فورس بنانے کا اعلان کیا۔
- ☆ یوروپی ممالک جانے والے غیر ملکیوں کیلئے سخت قوانین منظور۔
- ☆ امریکہ نے H1-B ویزا مزید مہنگا کیا۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے گجرات کا تین روزہ دورہ کریں گی۔ وہ کل ایکتا نگر میں قومی فلم ایوارڈز عطا کیے جانے کی تقریب کی صدارت کریں گی۔

2- وزیر خارجہ ایس جے شنکر، نیو یارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔

3- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا، ایران جنگ پر فیصلہ کُن رجحان۔ انہوں نے کہا کہ جلد ہی بہت بڑے واقعات ہونے والے ہیں۔

4- امریکہ نے، حوثی حملوں کے دوران، سعودی عرب میں اپنے شہریوں اور عملے کے لوگوں کیلئے حفاظت سے متعلق الرٹ جاری کیا ہے۔

5- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے چھتیس گڑھ ساحلی آندھرا پردیش، تلنگانہ، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرناٹک اور مدھیہ پردیش میں آج موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور ثمرقند میں شطرنج اولمپیاڈ میں بھارتی مردوں نے ہالینڈ پر تین-ایک سے زبردست جیت حاصل کی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---